# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 17 May-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۷ مئی ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ آپریشن سندور محض ایک جھلک ہے؛ پوری فلم دِکھانے کیلئے بھارت تیار: وزیرِ دفاع کا بیان۔

☆ جگد گرو رام بھدرا چاریہ کو 58 واں گیان پیٹھ ایوارڈ صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں تفویض۔

☆ وزیرِ اعلیٰ کے صد روزہ پروگرام کے تحت جھونپڑپٹی باز آبادکاری اتھاریٹی پہلے نمبر پر؛ مراٹھواڑہ ڈویژن میں ناندیڑ تحصیل دفتر کو پہلا مقام۔

اور۔۔۔☆ زیادہ سے زیادہ علاقوں میں آسمانی بجلی سے بچاؤ کے آلات نصب کرنے کی ڈاکٹر نیلم گورہے کی ہدایت۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور محض ایک جھلک ہے اور ضرورت پڑنے پر پوری پکچر دکھانے کیلئے بھارت تیار ہے۔ وہ کل گجرات کے بھوج میں فضائیہ کے دفاعی مرکز پر فوجی اہلکاروں سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ آپریشن سندور ابھی ختم نہیں ہوا ہے۔

**Byte: Rajnath Singh**

وزیرِ دفاع نے مزید کہا کہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کی جانب سے پاکستان کو دی جانے والی مالی امداد پر از سرِ نو غور کیا جانا ضروری ہے۔

دریں اثناء جموں وکشمیر کے کُلگام اور پلوامہ ضلع میں دو مشترکہ فوجی کارروائیوں میں چھ انتہاء پسندوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ کل سری نگر میں اخباری نمائندوں کو یہ اطلاع دی گئی۔

***** ***** *****

58 ویں گیان پیٹھ ایوارڈ کل صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں نئی دہلی میں تقسیم کیے گئے۔ جگد گرو رام بھدر آچاریہ کو یہ ایوارڈ دیا گیا۔ اُتر پردیش کے چترکوٹ کی تلسی پیٹھ کے بانی اور سنسکرت پنڈت رام بھدر آچاریہ نے اس موقع پر اپنے خطاب میں ''راشٹر دیو بھو'' کا نیا نعرہ دیا۔

**Byte: Ram Bhadracharya**

آپریشن سندور کے سلسلے میں انھوں نے صدرِ جمہوریہ اور وزیرِ اعظم کو مبارکباد پیش کی۔

مشہور شاعر اور نغمہ نگار گلزار کو بھی گیان پیٹھ ایوارڈ دیا گیا، تاہم خرابیٔ صحت کے باعث وہ خود اس تقریب میں شرکت نہیں کر سکے اور ان کے نمائندے کو یہ ایوارڈ دیا گیا۔

***** ***** *****

آنجہانی گلوکارہ مانک ورما کی یاد میں مانک ورما فاؤنڈیشن کی جانب سے اس سال ''مانک سور شتابدی ورش'' کے طور پر منایا جائے گا۔ اس سلسلے میں کل ممبئی میں بزرگ کلاسیکی گلوکارہ پدم شری اشونی بھڑے کو'مانک رتن' ایوارڈ دیا گیا۔ تال یوگی پنڈت سریش تڑوڑکر کے ہاتھوں انھیں یہ ایوارڈ دیا گیا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ صد روزہ دفتری اصلاحات پروگرام کے تحت جھونپڑپٹی باز آباد کاری اتھاریٹی نے پہلا مقام حاصل کیا ہے۔ بجلی تقسیم کار کمپنی مہاوترن نے دوسرا اور پونا میٹرو پولیٹن ترقیاتی اتھاریٹی نے تیسرا مقام حاصل کیا۔ یہ اعلان وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل کیا۔ اس مہم میں مراٹھواڑہ ڈویژن میں ناندیڑ تحصیل دفتر پہلے نمبر پر رہا۔ تحصیلدار سنجئے وارکڑ کی قیادت میں شفاف' ڈیجیٹل اور عوام دوست انتظامیہ کی مثال قائم کی گئی ہے۔ تعلقہ سطح کے سرکاری دفاتر کے دوسرے مرحلے میں ناندیڑ ضلع کے چھ دفاتر کو پہلا' پانچ دفاتر کو دوسرا اور چار دفاتر کو تیسرا مقام دیا گیا۔

ناندیڑ اور چھترپتی سمبھاجی نگران دو اضلاع کیلئے ایک سی ٹرپل آئی ٹی یعنی سینٹر فار انوینشن' انوویشن' انکیوبیشن اینڈ ٹریننگ مراکز کو منظوری دی گئی ہے۔ نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار کی جانب سے ٹاٹا ٹکنالوجی کو ارسال کردہ مکتوب پر کمپنی نے مثبت ردّ عمل دیتے ہوئے یہ دو تربیتی مراکز کی منظوری دی۔ ان مراکز سے مراٹھواڑہ کے ہزاروں نوجوانوں کو صنعتوں کی ضرورت کے مطابق صنعتی اور تکنیکی تربیت مل سکے گی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

گذشتہ کئی برسوں سے زیرِ التواء چھترپتی سمبھاجی نگر کی آبرسانی اسکیم کے سلسلے میں وزیرِ اعلیٰ عنقریب ممبئی میں ایک اہم اجلاس کریں گے۔ ریاست کے وزیر برائے بہوجن بہبود اتل ساوے، نے یہ اطلاع دی۔ وزیرِ اعلیٰ کل چھترپتی سمبھاجی نگر طیران گاہ سے بلڈانہ روانہ ہوئے۔ اس موقع پر اتل ساوے اور بی جے پی رہنماؤں نے پھڑنویس سے ملاقات کر کے شہر کے پانی کے مسئلے سے متعلق انھیں تفصیلات سے آگاہ کیا۔

اسی دوران رکنِ اسمبلی آدتیہ ٹھاکرے کی زیرِ قیادت کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں ہلّہ بول مورچہ نکالا گیا۔ بعد ازاں آدتیہ ٹھاکرے نے میونسپل کمشنر و ایڈمنسٹریٹر جی شری کانت سے ملاقات کر کے پانی کے مسئلے پر انھیں ایک محضر پیش کیا۔

***** ***** *****

موسمِ برسات میں آسمانی بجلی گرنے سے ہونے والے جانی و مالی نقصان سے بچنے کیلئے زیادہ سے زیادہ علاقوں میں بجلی مانع آلات نصب کرنے کی ہدایت قانون ساز کونسل کی ڈپٹی چیئر پرسن ڈاکٹر نیلم گورہے نے کی ہے۔ وہ کل چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں ایک جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہی تھیں۔ بعد ازاں انھوں نے جالنہ ضلع میں خواتین کے ایک اجلاس سے بھی خطاب کیا۔ انھوں نے ضلع کے مختلف موضوعات پر جائزہ اجلاس میں بھی شرکت کی اور غیر موسمی بارش' خواتین پر مظالم' پانی کی قلّت' محنت کشوں کے مسائل جیسے موضوعات پر انھوں نے متعلقہ محکموں کیلئے ضروری احکامات جاری کیے۔

***** ***** *****

آپریشن سندور کے بعد بی جے پی کی جانب سے ملک بھر میں ترنگا یاترا نکالی جارہی ہے۔ جالنہ ضلع میں عنبڑ اور بدناپور میں رکنِ اسمبلی نارائن کوچے کی قیادت میں کل ترنگا ریلی نکالی گئی۔ تلجاپور میں بھی ترنگا یاترا میں بڑی تعداد میں عوام نے شرکت کی۔ رکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ بھی اس ریلی میں شریک تھے۔

دریں اثناء بزرگ صنعت کار رام بھوگلے نے کہا ہے کہ آپریشن سندور کے باعث بھارت کی خود انحصاری پوری دنیا کے سامنے واضح ہوئی ہے۔

***** ***** *****

سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے تحت رواں تعلیمی سال کے ڈگری اور پوسٹ گریجویشن کے امتحانات جاری ہیں۔ تاہم' جو طلبہ فاصلاتی تعلیم، کھیل، اور نیشنل سروس اسکیم کی سرگرمیوں کے باعث امتحان میں شریک نہ ہو سکے، ان کیلئے امتحان 21 مئی سے لیا جائے گا۔ یہ اطلاع امتحانات و جانچ بورڈ کے ڈائریکٹر ہوشیار سنگھ سابڑے نے دی۔

***** ***** *****

بیڑ سے امبا جوگائی کی سمت جانے والے تیز رفتار کنٹینر نے نیکنور اور کیج میں کئی گاڑیوں کو ٹکر ماردی۔ اس حادثے میں ایک خاتون ہلاک اور 20 تا 25 افراد زخمی ہوگئے۔ جائے حادثے سے فرار ہونے والا یہ کنٹینر لوکھنڈی ساورگاؤں سے قریب اُلٹ جانے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

***** ***** *****

لاتور میں ہونے والے ضلعی سطح کے آم فیسٹیول کی تاریخوں میں تبدیلی کی گئی ہے۔ اب یہ فیسٹول 23 اور 24 مئی کو لاتور میں بھارت رَتن ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر پارک میں منعقد ہوگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر میں تین لاکھ روپئے کی رشوت طلب کرنے والے اپر تحصیلدار سمیت دو افراد کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ اس اپر تحصیلدار کا نام نتن گرجے بتایا جاتا ہے۔ جس نے پلاٹ کے رقبے میں کمی وبیشی کرکے احکام جاری کرنے کیلئے رشوت مانگی تھی۔ جس کا ایک حصہ ایک لاکھ روپئے لیتے وقت دو ایجنٹوں کو انسدادِ رشوت ستانی محکمے نے رنگے ہاتھوں گرفتار کیا، لیکن گرجے وہاں سے فرار ہوگیا۔

***** ***** *****

موسم: ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت چندر پور میں 41 ڈگری سیلسیئس درج کیا گیا۔ مراٹھواڑہ میں چھترپتی سمبھا جی نگر اور دھاراشیو میں 35 ' بیڑ میں 36 اور پربھنی میں 37 اعشاریہ چار ڈگری سیلسیئس درجۂ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں :::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ آپریشن سندور محض ایک جھلک ہے؛ پوری فلم دِکھانے کیلئے بھارت تیار: وزیرِ دفاع کا بیان۔
- ☆ جگد گرو رام بھدرا چاریہ کو 58 واں گیان پیٹھ ایوارڈ صدرِ جمہوریہ کے ہاتھوں تفویض۔
- ☆ وزیرِ اعلیٰ کے صد روزہ پروگرام کے تحت جھونپڑپٹی باز آبادکاری اتھاریٹی پہلے نمبر پر؛ مراٹھواڑہ ڈویژن میں ناندیڑ تحصیل دفتر کو پہلا مقام۔
- اور۔۔۔☆ زیادہ سے زیادہ علاقوں میں آسمانی بجلی سے بچاؤ کے آلات نصب کرنے کی ڈاکٹر نیلم گورہے کی ہدایت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****